بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب / س / ۱۴ / ۱ / ۲۰۱۳ مورخہ ۱۸ / اپریل ۲۰۱۶

بخدمت = جناب چیف سیکرٹری،

حکومت، بلوچستان، کوئٹہ۔

موضوع = مشترکہ قرارداد نمبر ۹۲۔

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ نشست مورخہ ۷/ اپریل ۲۰۱۶ میں ذیل مشترکہ منظورشدہ قرارداد نمبر ۹۲ منجانب نصراللہ زیرے، آغا سید لیاقت علی، منظور احمد خان کاکڑ، عبدالمجید خان اچکزئی، ولیم جان برکت، محترمہ سپوژمئی اچکزئی، محترمہ معصومہ حیات اور محترمہ عارفہ صدیق اراکین اسمبلی بمراد اطلاع و کاروئی لازم ارسال خدمت ہے۔

مشترکہ قرارداد نمبر ۹۲

ہرگاہ کہ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ بلوچستان کے عوام کی معیشت کا انحصار زراعت اور مال مویشی پر ہے لیکن گزشتہ کئی سالوں سے جاری قحط اور خشک سالی کی وجہ سے صوبہ کی زراعت اور مال مویشی تباہی کے دھانے پر پہنچ چکی ہے۔ اور ساتھ ہی بارشیں نہ ہونے کی وجہ سے زیر زمین پانی کی سطح انتہائی حد تک گر چکی ہے جبکہ دوسری جانب سے ہزاروں ٹیوب ویلوں نے رہی سہی کسر بھی پوری کردی ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے۔ کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے۔ کہ وہ بارشوں کے پانی کے ضیاع کو روکنے کیلئے کوئٹہ سمیت صوبہ کے تمام اضلاع میں چیک ڈیموں، اور ڈیلے ایکشن ڈیموں کی تعمیر کے لئے فوری تفصیلی سروے اور تعمیر کے لئے فنڈز فراہم کرے۔ تاکہ صوبہ کے زمینداروں میں پائی جانے والی پریشانی اور بے چینی کا آزالہ ممکن ہوسکے۔

محمد اعظم داوی،

معتمد،

برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۲) سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) ڈی۔ جی (لاء) پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۴) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعظم پاکستان، وزیر اعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۵) سیکرٹری وزارتِ قانون و پارلیمانی امور، حکومت پاکستان، اسلام آباد۔
۶) سیکرٹری زراعت، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۷) سیکرٹری آبپاشی، حکومت بلوچستان، کوئٹہ
۸) سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفر آباد قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان
۱۰ تا ۱۵) بخدمت جناب نصراللہ زیرے، آغا سید لیاقت علی، عبدالمجید خان اچکزئی، منظور احمد خان کاکڑ، ولیم جان برکت، محترمہ سپوژمئی اچکزئی، محترمہ معصومہ حیات اور محترمہ عارفہ صدیق صاحبہ اراکین اسمبلی۔

(شمس الدین)

شریک معتمد، (سوالات)